روحان نے اپنی کار واپس باہر نکالی۔۔

اور جلدی سے نایاب کو لینے اس کے گھر میں داخل ہوا۔۔

وہ ایک دم بہت پریشان ہوگیا تھا،،

اس نے اسے گود میں اٹھایا۔۔اور باہر لے جانے لگا۔۔

ما م نے اسے روک کر نایاب کے گلے کے گرد لپٹے اسٹولر کو ہٹانا چاہا،،

کیونکہ وہ اس کے گلے میں پھنس رہا تھا،،

انہوں نے آگے بڑھ کر وہ ہٹایا تو گلے پر ہلکے ہلکے سے زخم تھے۔۔غالباً bites کے نشانات تھے،،

انہیں یہ دیکھ کر شاک لگا کہ آخر یہ اسے کیا ہوا۔۔

روحان کی نظر بھی ان زخموں پر پڑی تو اسے خود پر غصہ آیا،،

کہ آخر اسے کیا ضرورت تھی۔۔!!اتنی درندگی کا مظاہرہ کرنے کی،،

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool | By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

!!پراب بھلا کیا ہو سکتا تھا۔۔

اوراب یہ سب سوچنے کا وقت بھی نہیں تھا اس کے پاس،،

نایاب کے دہکتے جسم کی تپش۔۔روحان کو اپنے سینے اور بازوؤں پر محسوس ہو رہی تھی،،

وہ بہت تیز کار ڈرائیو کرتا ہوا،،ہاسپٹل پہنچا۔۔

اس نے وہاں پہنچتے ہی نایاب کے ڈیڈ کو اور دانیال کو کال کی تو دانیال نے یہ کہ کر آنے سے صاف انکار کر دیا

"کہ "میں بزی ہوں پارٹی میں،،

اوراس کے ڈیڈ کا تو نایاب کے ہاسپٹل میں ہونے کا سن کر ہی دل بیٹھا جا رہا تھا،،

وہ فوراً آنا چاہتے تھے لیکن میٹنگ میں پھنسے ہوئے تھے۔۔

سوانہوں نے روحان کو اور اپنی بیگم کو،،نایاب کا خاص خیال رکھنے کی تاکید کی اور جلد از جلد میٹنگ سے

فارغ ہونے کی کوشش کرنے لگے،،

نایاب کو ہوش آ چکا تھا،،

وہ ہاسپٹل کے ایک پرائیویٹ روم میں تھی،،

طبیعت میں ابھی تک کوئی بہتری نہیں آئی تھی،،

اس نے اپنی نڈھال سی آواز میں اپنی مام سے پانی طلب کیا،

مام نے اسے ہوش میں آتا دیکھ کر احساس تشکر سے بھرپور سانس لیا،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور لپک کر گلاس میں منرل واٹر کی بوتل سے پانی انڈیل کر،،

خود ہی اسے پلانے لگیں،،

وہ جب پانی پی چکی تو وہ وہیں اس کے پاس بیٹھی رہیں،،

بیٹا میں تم سے ایک بات پوچھوں؟؟"انہوں نے تشویش سے پوچھا۔"

بیٹا۔۔سچ سچ بتانا کہ تمہارے ساتھ کیا ہوا ہے؟"وہ اس کا چہرہ اپنے ہاتھوں میں لیے۔۔کرب سے پوچھ " رہی تھیں،،

جتنی بھی آزاد خیال سہی لیکن ماں تھیں،،

بیٹی پر ٹوٹتی آفت بھلا ان کی آنکھوں سے سے کیسے پوشیدہ رہ سکتی تھی،

وہ دل سے اپنی اولاد کی پرواہ بھی کرتی تھیں، مگر جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتے کرتے۔۔انہوں نے اپنی اولاد سے توجہ ہٹالی،،ان کو انڈیپنڈنٹ کرنے کے چکر میں،،

انہیں آزادی دینے کے چکر میں۔۔وہ بالکل ہی اپنی اولاد سے بے خبر ہو گئیں تھیں،،

جو بھی تھا،،وہ اپنی بیٹی کے فرائض سے کوتاہی برت چکی تھیں،،

انہوں نے اچھی ماں ہونے کا ثبوت نہیں دیا،،

کبھی غلط سہی کا فرق واضح نہیں کیا،،

کبھی اپنی اولاد کو وقت نہیں دیا،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نایاب تو خیر ان کی اس بے توجہی سے اتنا نہیں بگڑی تھی۔۔ لیکن دانیال۔۔ وہ اب بری طرح بگڑ گیا تھا،،

اور ساتھ ہی نایاب کی زندگی بھی تباہ ہو کر رہ گئی،،

انہوں نے اپنا سوال دہرایا۔۔ تو نایاب ان کے ساتھ لپٹ کر رونے لگی،،

مام۔۔ آپ کی بیٹی بہت مشکل میں ہے۔۔ "وہ تکلیف کی شدت سے بس اتنا ہی بول پائی تھی،، "

مام جو کب سے ضبط کر کے بیٹھی تھیں۔۔

ان کا ضبط بھی ٹوٹا،،

آنسو ان کی آنکھوں کی قید سے فرار ہونے لگے،

بیٹا۔۔ بتاؤ کون ہے وہ کمینہ۔۔ ذلیل۔۔ اور خبیث انسان۔۔ جس نے میری بیٹی کے ساتھ ایسا کیا،، """

انہوں نے انتہائی نفرت سے تصور میں اس شخص کی چمڑی ادھیڑتے ہوئے کہا،،

مام،، وہ جو کوئی بھی ہے۔۔ اس سے کیا فرق پڑتا ہے!!.. بس اب میں وہ نایاب نہیں رہی۔۔ اور پلیز آپ " اس شخص کو گالیاں مت دیں۔۔ ایسا کرنے سے جو ہو چکا۔۔ وہ بدل تو نہیں سکتا نا!! " نایاب نے مایوسی سے جواب دیا،،

پر ایک بات تھی۔۔ جس پر وہ غور نہیں کر پائی۔۔ کہ وہ انجانے میں روحان کی سائیڈ لینے لگی تھی،،

وہ اس کے خلاف کوئی لفظ سننا نہیں چاہتی تھی،،

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پر بیٹا۔۔اس نے تمہارے ساتھ اتنا برا کیا اور تم ہو کہ۔۔۔مجھے اسے گالیاں دینے سے روک رہی ہو،،میرا"

"بس چلے تو ابھی اس شخص کو تمہارے سامنے ہی گولیوں سے بھون دوں۔۔

مام پلیز۔۔اب آپ اس شخص کو کچھ نہیں کہیں گی۔۔آپ ایسا سمجھ لیں کہ اس سب میں میرا قصور"

"ہے۔۔۔مجھے میرے گناہوں کی سزا مل رہی ہے۔۔

نہیں بیٹا۔۔یہ کیا بول رہی ہو۔۔؟؟تم نے بھلا ایسا کیا کیا ہے۔۔ایسے کون سے گناہ کیے ہیں جو یہ سب کہ"

"رہی ہو؟؟۔۔کہیں تم نے اپنی مرضی سے تو یہ سب نہیں کیا؟؟

سر سے لے کر پاؤں تک۔۔۔میں گناہوں میں ڈوبی ہوئی ہوں،،آپ کہ رہی ہیں کہ کونسے گناہ۔۔اور"

میرے پاس آپ کے کسی سوال کا جواب نہیں۔۔آپ کو جو سمجھنا ہے۔۔جو اخذ کرنا ہے کر لیں۔۔پر پلیز

پلیز۔۔مجھ سے کچھ نہ کہیں۔۔"نایاب اب ان کے سامنے ہاتھ جوڑے التجائیں کر رہی تھی۔۔

مطلب یہ سب تم نے اپنی مرضی سے ہی کیا ہے؟؟"مام اب دبی دبی آواز میں غرّا رہی تھیں۔"

نایاب پھر سے بری پھنسی تھی۔۔

نہ سچ بتانے کی اجازت۔۔نہ ہی جھوٹ کہنے کہ ہمت۔۔بلکہ جھوٹ بولنا تو اب بے فائدہ تھا۔

"مام۔۔آپ یہی سمجھ لیں۔۔"

اس نے نظریں جھکا کر۔۔یہ الزام اپنے اوپر لے لیا۔۔اب بتاتی بھی تو کیا بتاتی۔۔۔

اب بھلا اسے کیا فرق پڑنا تھا،،

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جو ذلت اس کے نصیب میں تھی وہ تو مل کر رہنی تھی۔۔

مام نے چٹاخ سے اس کے منہ پر تھپڑ مارا۔۔

بے شرم لڑکی۔۔اس لیے تمہیں میں نے اتنی آزادی دی۔۔کہ بعد میں منہ کالا کرواتی پھرو۔۔اب" تمہیں میرے گھر آنے کی کوئی ضرورت نہیں۔۔کہیں بھی دفع ہو جاؤ پر میرے گھر مت آنا۔۔"مام نے سارے لحاظ بھول کر،،

اس کی بیماری خاطر میں لائے بغیر۔۔اس کو بہت بری طرح ذلیل کیا،،

روحان جو ہاتھ میں فروٹس اور میڈیسن کے شاپر پکڑے روم میں داخل ہوا تھا،،

وہ یہ سب دیکھ کر۔۔جلدی سے شاپرز وہاں پڑی چھوٹی سی میز پر رکھ کر۔۔ایک دم اپنی ممانی کی طرف لپکا۔۔اور دوسرے تھپڑ کے لیے انکا بڑھتا ہوا ہاتھ روکا۔۔

اور تقریباً چلایا۔۔کہ۔۔یہ کیا کر رہی ہیں آپ؟؟

وہ بیمار ہے۔۔!!

نایاب جو دوسرا تھپڑ کھانے کے لیے۔۔اپنی آنکھیں میچے تیار بیٹھی تھی۔۔وہ روحان کی آواز پر اچھل کر رہ گئی۔۔

وہ حیران ہو کر روحان کو دیکھ رہی تھی۔۔

اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کہ وہ وہاں موجود ہو گا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے دیکھ کر اس کی تکلیف مزید بڑھ گئی تھی۔۔

نہ جانے اس کی زندگی مزید کیا امتحان لینے والی تھی۔۔

پر اسے اب صبر کرنا تھا۔۔

اس کے علاوہ کوئی آپشن بھی نہیں تھا۔۔۔

💔💔💔💔💔-------

اس کے علاوہ کوئی آپشن بھی نہیں تھا۔۔۔

"تم چھوڑو میرا ہاتھ۔۔اس بے حیا لڑکی کو آج میں سبق سکھا کر رہوں گی۔۔"

آنٹی یہ ہاسپٹل ہے۔۔یہاں آپ ایسی حرکتیں نہیں کر سکتیں۔۔ویسے بھی ایک دو گھنٹے تک اس کو"

ڈسچارج کر دیا جائے گا۔۔

"آپ ریلیکس کریں۔۔گھر چل کر آرام سے بات کر لیجیے گا۔۔

گھر۔۔۔؟؟میرے گھر۔۔۔؟؟میرے گھر میں تو یہ کسی صورت قدم نہیں رکھ سکتی۔۔اس سے کہو جس"

"کے ساتھ یہ سب کر کے آئی ہے۔۔اسی کے پاس دفع ہو جائے۔۔

یہ کہتے ہوئے وہ جھٹکے سے اپنا ہاتھ روحان کے ہاتھ سے چھڑا کر۔۔جو اس نے روکنے کی غرض سے پکڑا ہوا تھا۔۔وہاں سے چلی گئیں۔۔

نایاب اب بلک بلک کر رو رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روحان اس کے پاس بیٹھا،اسے چپ کرانے کی کوششیں کر رہا تھا،

اس نے نایاب کے آنسو صاف کرنے کے لیے ہاتھ آگے بڑھائے تو نایاب نے بری طرح جھٹک کر۔۔اپنے چہرے سے دور کیے۔۔

چلیں جائیں آپ بھی یہاں سے۔۔"

مجھے اکیلا چھوڑ دیں۔۔

میری تکلیف مزید مت بڑھائیں۔۔

اتنا بڑا تو نہیں تھا میرا جرم۔۔

کیا کیا تھا میں نے۔۔؟؟

ہاں۔۔؟؟

بتائیں۔۔؟؟

صرف جا کر وہ پکچرز آپ کے پیرنٹس کو دکھا دیں اور بس کہ دیا کہ آپ کے بیٹے نے ایک تو میرے ساتھ زبردستی کی کوشش کی اور اوپر سے مجھ پر الزام لگا رہا ہے کہ میرے غلط لڑکوں سے تعلقات ہیں۔۔

بس میرے ایک جھوٹ کی۔۔اتنی بڑی سزا۔۔

آخر کیوں۔۔؟؟

"سب کچھ چھین لیا آپ نے مجھ سے۔۔

وہ اپنے ہاتھوں میں اپنا چہرہ گرائے۔۔بلک بلک کر رو رہی تھی،،

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اوہ۔۔۔یہ چھوٹی سی بات ہے؟؟"

تم نے مبالغہ آرائی کر کے۔۔میری نیک نیتی کو مجھ پر ہی الزام لگا کر۔۔مجھے میرے پیرنٹس۔۔میری آپی کے سامنے جو رسوا کیا ہے۔۔اس کا کیا؟؟

جانتی ہو۔۔بابا آج تک مجھ سے خفا ہیں۔۔اور بات بھی نہیں کرتے۔۔آپی اس دن کے بعد میری موجودگی میں گھر نہیں آئیں۔۔نہ ہی میری بھانجی۔۔میری جان۔۔کو میرے پاس آنے دیتی ہیں۔۔

وہ تو میں نے ماما کو۔۔اتنی منتیں۔۔کر کر کے اپنی بے گناہی کا یقین دلایا۔۔

میرے لیے یہ سب ہوا تو چھوٹی سی بات ہے۔۔

اور تمہارے لیے یہ تکلیف بن گئی۔۔

نایاب اب تم ایسا کیسے سوچ سکتی ہو۔۔

اب تو تم اسی تکلیف سے گزر رہی ہو جس سے میں گزرا۔۔اور اب بھی تمہیں اس تکلیف کا احساس نہیں۔۔

!! کتنی ظالم ہو تم۔۔

اس کے ایسے ظالم کہنے پر نایاب کا منہ کھلا کا کھلا رہ گیا۔۔

روحان۔۔۔اب آپ کو کوئی حق نہیں پہنچتا مجھے مزید قصوروار ٹھہرانے کا۔۔آپ میرے کیے کی سزا مجھے "دے چکے ہیں۔۔اور مزید بھی دے رہیں ہیں۔۔اب آپ مظلوم نہیں رہے۔۔سمجھے آپ۔۔؟؟"

نایاب کا تو بری طرح پارہ ہائی تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور اپنی بھڑاس نکالنے کا موقع بھی مل گیا تھا،،

اب وہ کہیں سے کل والی۔۔ڈری سہمی نایاب نہیں لگ رہی تھی۔۔۔

وہ روحان کو آئینہ دکھانے کی پوری کوشش کر رہی تھی۔۔کہ وہ اکیلا مظلوم نہیں ہے۔۔اور جو کچھ وہ کر رہا ہے۔۔اور کر چکا ہے۔۔اس کے بعد خود کو مظلوم کہلوانے کی کوشش بھی مت کریں۔۔۔

روحان کے پاس کہنے کو اب کچھ نہیں تھا۔۔

لیکن نایاب۔۔اس نے تو آج ہر وہ لفظ کہنے کی قسم کھائی ہوئی تھی،،

جس سے وہ اپنی تکلیف بیان کر سکے۔۔

اپنی بھڑاس نکال سکے۔۔

آپ کا بھی صرف مجھ پر ہی زور چلتا ہے۔۔اس حماد کے بچے کو کیوں کچھ نہیں کہتے؟؟؟"

بلکہ قسم سے کسی طرح اسے میرے سامنے لے آئیں۔۔

میں اسے تین، چار تھپڑ لگا کر۔۔اپنا دل ٹھنڈا کرنا چاہتی ہوں۔۔

Please!! Provide me only one chance..

پلیز میری!! میری یہ حسرت پوری کر دیں۔۔

اس کے بعد آپ جو کہیں گے۔۔۔

جیسا کہیں گے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں مانوں گی۔۔

"مجھ پر اپنا غصہ نکالیں۔۔مجھے ٹارچر کریں۔۔یا کچھ بھی کریں گے۔۔تو میں کوئی شکوہ نہیں کروں گی۔

وہ اس کے سامنے اپنے دونوں ہاتھ جوڑے۔۔

عاجزی کی انتہا پر پہنچ کر۔۔گڑگڑانے لگی۔۔

وہ ہذیانی سی ہو کر اپنے الفاظ دہرائے جا رہی تھی۔۔

جیسے اسے اندر ہی اندر یقین تھا کہ سامنے بیٹھا وہ شخص۔۔۔اس کی سنے گا۔۔۔

وہ کسی عجیب احساس کے تحت۔۔اپنے لیے سہارا تلاشتی۔۔تحفظ ڈھونڈتی۔۔روحان کے سینے سے لپٹ گئی۔۔

وہ جتنی شدت سے آنسو بہا سکتی تھی۔۔اس نے بہائے۔۔

اس نے اپنے دل کا سارا بوجھ ہلکا کیا۔۔

روحان نے اسے یہ سب کرنے سے نہیں روکا۔۔

وہ نہیں چاہتا تھا کہ اس وقت اس کے تنکا تنکا ہوتے وجود کو اپنی بے رخی کی ہواؤں سے اڑا کر بکھیر دے۔۔

اس نے بھی اس کے گرد اپنا حصار مضبوط کر کے۔۔

اسے،اس کے ساتھ۔۔اس کے قریب ہونے کا احساس دلایا۔۔۔

مگر اب بھی وہ مکمل طور پر اسے معاف کرنے کی پوزیشن میں نہیں تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ چاہ کر بھی اس کی وہ خطا معاف نہیں کر پا رہا تھا،

بھلا انسانوں میں اتنا ظرف ہوتا بھی کہاں ہے۔۔کہ وہ کسی سے در گزر کر سکیں۔۔

یہ تو بس اللہ ہے۔۔جو ہمارے ایک آنسو پر۔۔ساری زندگی کی خطائیں معاف کر دیا کرتا ہے۔۔

وہی تو ہے۔۔جو ایک دفعہ پکارنے پر ہمارا ہر غم سن لیتا ہے۔۔

ہر تکلیف کا مداوا کرتا ہے۔۔

بعض اوقات وہ تکلیف میں مبتلا ہی اس لیے کرتا ہے تاکہ ہم اسے یاد کریں۔۔

اس کی طرف لوٹیں۔۔

اسے پکاریں۔۔

کبھی کبھی ہماری تکالیف ہمارے اوپر اس کی نافرمانیوں کے عذاب کی صورت مسلط ہوتی ہیں۔۔۔

اور کبھی کبھی یہ آزمائشیں۔۔ہمارے لیے زندگی کو بہتر بنانے۔۔ہمارے وجود سے گناہوں کا بوجھ ہلکا کرنے

اور بہت سے اچھے سبق دینے کے لیے آتی ہیں۔۔

نایاب کی زندگی میں بھی یہ آزمائش شاید اس لیے ہی آئی تھی تاکہ وہ اپنا لائف سٹائل بدل سکے۔۔

وہ بھی اللہ کو اتنی ہی عزیز تھی جتنا کہ کوئی اور۔۔

اور اس دنیا کے انسانوں اور اس کے مظالم کی اللہ کی بادشاہت کے آگے بھلا کیا اوقات۔۔

اور ویسے بھی وہ رحمان بھلا کسی جان پر اس کی سکت سے زیادہ بوجھ بھی کب ڈالتا ہے۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

×××××

جب وہ اچھی طرح اپنے دل کا بوجھ ہلکا کر چکی تو۔۔اس نے خود کو روحان سے علیحدہ کیا۔۔

روحان بھی اسے بغیر کچھ کہے روم سے باہر نکلا۔۔

اب نایاب کی طبیعت بھی سنبھل چکی تھی۔۔

وہ ڈاکٹر سے بات کرے اور ڈسچارج فار میلیٹیز پوری کر کے۔۔۔نایاب کو چلنے کو کہا۔۔

اس نے نایاب کو سہارا دے کر اٹھنے میں مدد کی۔۔اور اس کا ہاتھ تھامے کار تک لایا۔۔

اس کے اندر بھی ایک بہت بڑی کشمکش چل رہی تھی،،

وہ جس لڑکی پر بار بار نفرت جتانے کی کوشش کرتا۔۔

وہی لڑکی۔۔اور اس لڑکی کے درد۔۔اسے بے چین کر دیتے۔۔

وہ خود ہی اس کے غم کا۔۔اس کی مصیبتوں کا سبب ہوتے ہوئے بھی۔۔اسے درد دیتے ہوئے بھی۔۔اذیت میں نہیں دیکھ سکتا تھا۔

بہت مشکل سے گزر رہا تھا وہ۔۔کیونکہ دل و دماغ کے درمیان چھڑی جنگ بہت اذیت ناک ہوتی ہے۔۔

وہ کار میں بیٹھ کر کار ڈرائیو کرنے لگا۔۔

نایاب اس کے بائیں جانب فرنٹ سیٹ پر بیٹھی تھی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بالکل ساکت نگاہیں۔۔سامنے سڑک پر مرکوز کیے اپنے لیے۔۔اپنی مصیبتوں سے رہائی کا راستہ ڈھونڈنے کی سعی کر رہی تھی۔۔

بے دھیانی میں وہ مسلسل۔۔کچھ دیر پہلے۔۔ہاسپٹل میں ہوئے واقعات کے متعلق سوچے جا رہی تھی۔۔

کار میں چھائے سرد پن کو نایاب نے اپنی آواز سے ختم کیا۔۔

"آپ مجھے کہاں لے جا رہے ہیں؟؟"

تمہارے گھر۔۔اور کہاں۔۔؟؟"اس نے سپاٹ لہجے میں جواب دیا۔"

میرے گھر۔۔؟؟میرا گھر بھلا کونسا ہے..؟؟وہ تو مام کا گھر ہے۔۔جہاں میرا داخلہ اب ممنوع ہو چکا" ہے۔۔آپ مجھے کیوں وہاں لے کر جا رہے ہیں۔۔؟؟مام نے اب تک ڈیڈ کو سب کچھ بتا دیا ہو گا۔۔میں بھلا کیسے وہاں جا سکتی ہوں؟؟؟"اس نے دبی دبی سسکیاں لیتے ہوئے،،

گھٹتی ہوئی آواز میں کہا۔

پاگل مت بنو نایاب۔۔وہ تمہارا گھر بھی ہے۔۔وہ تو آنٹی نے غصے میں وہ سب کہہ دیا۔۔ورنہ دل سے کبھی" کوئی ایسا فیصلہ نہیں کر سکتیں۔۔اور تم خود کو پر سکون رکھو۔۔ابھی تمہاری طبیعت صرف بہتر ہوئی ہے۔۔تم مکمل طور پر ٹھیک نہیں ہوئی۔۔سو۔۔اس لیے ایسی باتیں کر کے خود کو پریشان مت کرو۔۔"روحان نے سختی سے اسے جھڑکا۔۔

وہ ایک بار پھر سے خاموش ہو کر بیٹھ گئی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ دیر بعد اس کی طبیعت پھر سے خراب ہونے لگی۔۔

اسے گھبراہٹ ہو رہی تھی۔۔۔

"روحان پلیز گاڑی روکو۔۔مجھے گھبراہٹ ہو رہی ہے۔۔مجھے کچھ دیر تازہ ہوا میں سانس لینا ہے۔۔"

اس نے نڈھال سی آواز میں کہا۔۔

شاید اسے متلاہٹ محسوس ہو رہی تھی۔۔

شاید اسے متلاہٹ محسوس ہو رہی تھی۔۔

روحان نے تھوڑا آگے جا کر زرا کم رش والی جگہ پر۔۔روڈ کے ایک طرف کار روکی۔

نایاب فوراً کار کا ڈور unlock کر کے باہر نکلی۔۔

اب وہ کھلی ہوا میں تھوڑا بہتر محسوس کر رہی تھی۔۔

شکر تھا کہ اسے الٹی نہیں آئی۔۔

بخار ابھی مکمل طور پر ٹھیک نہیں ہوا تھا۔۔سو اس لیے اسے تھوڑی دیر بعد متلی ہو رہی تھی۔۔جیسا کہ عام طور پر بخار کی حالت میں ہوا کرتا ہے۔۔

پانی۔۔!!"اس نے پیاس محسوس ہونے پر پانی طلب کیا۔۔"

روحان دوڑ کر کار میں سے ہی پانی کی bottle لایا۔۔

اس نے غٹاغٹ ایک سانس میں بہت سا پانی پیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھوڑی دیر وہاں کھڑے رہنے کے بعد روحان نے پوچھا" چلیں..؟؟"تو اس نے اثبات میں سر ہلایا۔۔

روحان اپنی ڈرائیونگ سیٹ کی طرف بڑھنے لگا۔۔۔

اس کے ڈور کا رخ روڈ کی اس طرف تھا جہاں سے۔۔۔کافی دیر کے بعد ایک آدھی گاڑی نہایت تیز رفتاری سے گزرتی۔۔

اب بھی ایک گاڑی ایسی ہی تیز رفتاری سے وہاں سے گزری۔۔

روحان اس کار کو دیکھ نہیں سکا کیونکہ اس تیز رفتار کار کی طرف روحان کی پیٹھ تھی۔۔

اس کار کو نایاب وہیں اپنی سائیڈ پر موجود کار کے دروازے۔۔ جسے اس نے اپنے بیٹھنے کے لیے کھولا ہی تھا،، کے پاس کھڑی دور سے آتا دیکھ رہی تھی۔۔

اور پھر اس کا دھیان روحان کی بے دھیانی کی طرف گیا۔۔

اس نے وہیں سے گلا پھاڑ کر روحان کو پکارا۔۔۔۔۔

اور نجانے اس کے ناتواں اور بیمار وجود میں اتنی طاقت۔۔اتنی پھرتی کہاں سے آئی کہ وہ ایک دم اپنی جگہ سے ہٹی اور دوڑ کر روحان تک گئی۔۔۔

اور اس نے ایک دم لپک کر اپنی پوری طاقت سے روحان کو اپنی طرف کھینچا۔۔

یہ ساری چند لمحوں کی کارروائی تھی۔۔

اگر نایاب اس لمحے اپنی حاضر دماغی سے فائدہ نہ اٹھاتی۔۔تو یقیناً وہ کار روحان کچل ہی دیتی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ روڈ پر رات کے اندھیرے اور کار کی ہیڈ لائٹس آف ہونے کی وجہ سے کوئی دور سے آتی انکی موجودگی بھی نہیں کر سکتی تھی۔۔

×××==×××==×××

روحان کو اس طرح زور سے کھینچنے پر۔۔۔اس کا بیلنس لوز ہوا اور وہ دھڑام نیچے۔۔

ہو سکتی تھی۔۔ injury وہاں روڈ کی سائیڈ پر جگہ کچی تھی۔۔ورنہ اسکی بھی کوئی ٹھیک ٹھاک

روحان کا بھاری وجود اس کے اوپر تھا۔۔اسے تو کچھ سیکنڈز کے لیے سمجھ ہی نہیں آئی کہ آخر ہوا کیا ہے۔۔

نایاب نے اپنے گھٹتی ہوئی سانسوں کے ساتھ اسے خود سے دور ہٹانے کی کوشش کی۔۔تو روحان ہوش میں آیا۔۔وہ اپنی کونی کا سہارا لے کر اٹھنے لگا۔۔۔۔

نایاب نے ذرا سی حرکت کر کے۔۔اٹھنے کی سعی کی۔۔وہ زمین سے تو اٹھ چکی تھی۔۔ مگر اب بھی وہیں بیٹھی تھی۔۔

جبکہ کے روحان کھڑا ہو کر اپنی بلو ڈریس شرٹ کی،،ہاتھ کے ایک چوتھائی حصے تک چڑھی ہوئی آستینیں جھاڑ رہا تھا۔۔

اس نے آستینیں جھاڑ کر۔۔

اپنا ہاتھ نایاب کی طرف بڑھایا تو۔۔

نایاب اس کا تھام کر۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنا سارا زور اس کی ہتھیلی پر ڈالتے اٹھی۔۔

اس کا سارا کرتا۔۔ مٹی مٹی ہو گیا تھا۔۔

اور پچھلی طرف سے کندھے میں درد ہو گیا تھا۔۔

اب وہ اپنے کپڑے جھاڑ رہی تھی۔۔ اور روحان عجیب سی کیفیت میں گھرا۔۔ اسے مسلسل دیکھ رہا تھا۔۔

نایاب نے اس کی نظریں خود پر محسوس کر کے۔۔ اس کی طرف اپنی توجہ مبذول کی۔۔

اس نے عام سے لہجے میں۔۔

اس کی نظروں سے پزل ہوتے ہوئے۔۔ اس سے سوال کیا۔۔ "ایسے کیا دیکھ رہے ہیں۔۔ میرے سر پر سینگ اگ آئے ہیں یا میرے دانت vampires کی طرح باہر نکلے ہوئے ہیں۔۔؟؟"

اس نے غصے سے پوچھا۔۔ کیونکہ اسے روحان کی۔۔ اس قدر لاپرواہی اور بے دھیانی پر غصہ آ رہا تھا۔۔۔ اگر اسے کچھ ہو جاتا تو۔۔۔؟؟

ہاں ابھی۔۔ بھی اس بے وقوف سی نایاب کے دل میں اس کے لیے ایسے ہی جذبات تھے۔۔ بلکہ یہ جذبات ابھی ہی تو پیدا ہوئے تھے۔۔

ابھی ہی تو وہ اسے کھونے سے ڈرنے لگی تھی۔۔

اس شخص کو کھونے سے۔۔۔ جو ابھی پوری طرح اس کا ہوا ہی نہیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نایاب اس طرح غصہ کرتی ہوئی ایک تو اسے بہت کیوٹ لگ رہی تھی۔۔اور دوسرا۔۔روحان کو سینگوں اور لگی۔۔کہ اس کے لیے اپنی ہنسی روکنا مشکل ہو گیا تھا۔۔ funny دانتوں والی بات بھی۔۔اتنی

وہ تھوڑی دیر پہلے ہوئے واقعے کو فراموش کیے بری طرح ہنس رہا تھا۔۔۔

یہ بات نایاب کو اور بھی زیادہ تپا رہی تھی۔۔۔۔

ایک طرف روحان نے اس کی زندگی مشکل میں ڈالی ہوئی تھی۔۔اوپر سے اپنی زندگی سے بھی ہاتھ دھونے والا تھا کہ بچ گیا۔۔

اور اب دانت ایسے نکال رہا تھا کہ جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔۔

"کیا مسئلہ ہے؟؟اب دانت کیوں پھاڑ رہے ہیں؟؟"

"کچھ نہیں محترمہ۔۔!!میرے خیال سے۔۔اب ہمیں چلنا چاہیے۔۔"

روحان نے نایاب کو چڑتا ہوا دیکھ کر۔۔اپنی ہنسی دبائی۔۔

اور اب دھیان سے ادھر اُدھر دیکھ کر۔۔اپنی سیٹ تک گیا۔۔اور کار اسٹارٹ کی۔۔

نایاب بھی اس کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھی سیٹ بیلٹ لگا رہی تھی۔۔اور ساتھ میں کچھ بڑبڑا رہی تھی۔۔

انداز۔۔روحان کو۔۔کھری کھری سنانے والا تھا۔۔

اگر تم ذرا اونچا بولو گی۔۔تو شاید میں بھی۔۔اپنی تعریفیں سن سکوں گا۔۔!"روحان نے ایک نظر شرارت سے اس کی طرف دیکھ کر کہا۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں۔۔سن لیں۔۔آپ ہی کی تعریفیں کر رہی تھی۔۔وہ میں کہ رہی تھی۔۔کہ۔۔آپ کو الزامات کے" بدلے لینا تو خوب آتا ہے۔۔آپ کی جان بچائی ہے۔۔آگے سے ایک تھینکس بھی۔۔نہیں بولا۔۔میں ہی پاگل ہوں جو خواہ مخواہ میں نے اپنا کندھا بھی دکھا دیا۔۔"وہ اپنا کندھا ایک ہاتھ سے سہلاتے ہوئے۔۔اچھی طرح سے ناراض ہو کر بول رہی تھی۔۔

روحان کو اس کے ایسے روٹھنے پر بے تحاشا پیار آیا۔۔

ان دونوں کی زندگیاں بہت تیز بدلاؤ کا شکار تھیں۔۔۔

اوہ ہاں۔۔!! یہ تو میں بھول ہی گیا۔۔تمہارا یوں ایک دم۔۔اتنے جنونی انداز میں چیخنا اور میری طرف" بڑھنا۔۔مجھے بچانا۔۔یہ سب آخر تم نے کیوں کیا۔۔؟؟"اس نے تھینکس کی بجائے۔۔نایاب سے ہی سوال کر ڈالا۔۔بہت بے مروت تھا وہ۔۔

مجھے نہیں پتہ۔۔وہ سب میں نے جان بوجھ کر نہیں کیا۔۔وہ خود بخود مجھ سے ہو گیا۔۔"نایاب بھی اب" اپنے اوپر تھوڑا سا حیران ہوئی تھی۔۔لیکن اس نے بالکل نارمل۔۔اور بے تاثر ہو کر جواب دیا۔۔۔

اس کا ذہن اب پھر سے اپنی مشکلات کے گرد گھومنے لگا تھا۔۔وہ اندر سے ڈری ہوئی تھی۔۔وہ خود سے سوال کر رہی تھی۔۔اپنی مصیبتوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کا طریقہ پوچھ رہی تھی۔۔جس کا جواب اسے مل کے ہی نہیں دے رہا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روحان کی آواز نے ایک بار پھر اسے اپنی طرف متوجہ کیا۔۔

"مائی saved ویسے میں تو سوچ رہا تھا کہ تم میرے مرنے کی دعائیں کرتی رہی ہو گی۔۔بٹ یو ہیو لائف۔۔،،میں تمہیں تھینکس نہیں بولوں گا۔۔کیونکہ شاید میرا یہ تھینکس تمہارے اس احسان کے سامنے بہت چھوٹا ہے۔۔"ابھی وہ بول ہی رہا تھا کہ نایاب نے اس کی بات کاٹی۔۔

"دعا۔۔؟؟دعا تو میں نے کبھی اپنے لیے نہیں کی۔۔ہاں۔۔میں کب سے سوچ رہی تھی۔۔کہ میں کیسے اپنی مصیبتوں سے نجات حاصل کروں۔۔مجھے دعا مانگی چاہیے۔۔وہ اللہؑ تو سب کی سنتا ہے۔۔اور میں نے اس کی کبھی نہیں سنی۔۔اتنا سب ہونے کے بعد بھی میں نے اسے یاد نہیں کیا۔۔۔اُف!!کیسی لڑکی ہوں میں۔۔میں نے اللہؑ کو یاد نہیں کیا۔۔اگر میں اللہؑ سے دعا کرتی اور اپنے مسئلے ڈسکس کرتی۔۔تو وہ میری بات اچھے سے سنتا اور مجھے بے حیا اور بد کردار بھی نہ کہتا۔۔اوہ خدایا۔۔میں کیوں یہ بات نہیں سمجھ سکی۔۔""وہ ایک عجیب سے،سرشار لہجے میں۔۔لڑکی کی طرح مسلسل آنسو بہاتی خود سے کہہ رہی تھی۔۔

اسے ایک عجیب سی خوشی مل رہی تھی۔۔

کہ آخر اسے وہ راز مل گیا تھا۔۔وہ راستہ مل گیا تھا۔۔جس پر چل کر وہ اپنی زندگی کا کھویا سکون واپس حاصل کر سکتی تھی۔۔ہاں اسے دعا مانگنی تھی۔۔اسے اللہؑ کو پکارنا تھا۔۔

وہ اپنے آپ سے اس طرح باتیں کرتی ہوئی۔۔روحان کو پاگل لگ رہی تھی۔۔

اس نے کار ذرا سی سلو کر کے۔۔نایاب کی طرف دیکھا۔۔

"Are you okay??"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے پریشانی سے پوچھا۔۔

نایاب نے اس کی تشویش سمجھتے ہوئے اپنے آنسو صاف کیے۔۔اور خود کو نارمل کرنے لگی۔۔

ہاں۔۔میں ٹھیک ہوں۔۔مجھے بھلا کیا ہونا ہے؟؟"اس نے الٹا اسی سے سوال کیا۔۔"

روحان کو تو اس کی دماغی حالت پر شک ہوا۔۔پر وہ کچھ بولا نہیں۔۔

×××××

وہ لوگ گھر پہنچ چکے تھے۔۔روحان بھی اپنے گھر جانے کی بجائے۔۔اسے چھوڑنے کے لیے اس کے ساتھ۔۔اس کے گھر آیا۔۔

اس کی ماں وہیں صوفے پر بیٹھیں۔۔اپنا سر پکڑے۔۔اس ڈیڈ کے ساتھ لاؤنج میں موجود تھی۔۔

نایاب کو لاؤنج کے دروازے سے اندر داخل ہوتا دیکھ کر ان کا غصہ ابلنے لگا۔۔

وہ سرعت سے اپنی جگہ سے اٹھیں۔۔اور نایاب کو زوردار تھپڑ رسید کرنے کے لیے۔۔اپنا ہاتھ ہوا میں اٹھایا۔۔۔

💔💔💔💔💔_______

وہ سرعت سے اپنی جگہ سے اٹھیں۔۔اور نایاب کو زوردار تھپڑ رسید کرنے کے لیے۔۔اپنا ہاتھ ہوا میں اٹھایا۔۔

روحان نے پھر سے ان کا یہ بڑھا ہوا ہاتھ۔۔نایاب کے چہرے تک پہنچنے سے روکا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ آپ کیا کر رہی ہیں۔۔؟؟کوئی بات کیے بنا۔۔فضول میں ہاتھ اٹھا رہی ہیں۔۔"روحان نے بہت افسوس سے اپنی ممانی کی طرف دیکھ کر کہا۔

نایاب کو اس بار کوئی حیرت نہیں ہوئی۔۔

اسے اندر ہی اندر یہ یقین تھا۔۔

کہ وہ اسے مزید ذلیل نہیں ہونے دے گا۔۔

!!نجانے کیوں۔۔

اس پر اعتبار کرنے لگی تھی۔

روحان کے روکنے پر نایاب کی ماما کا غصہ ایک دم اور بڑھ گیا۔۔

روحان۔۔!!یہ وہی ہے نا؟؟جس نے تمہیں تمہارے خاندان کے سامنے ذلیل کیا تھا۔۔؟؟تو تم کیوں" اسکی اتنی طرف داری کر رہے ہو۔۔کہیں تم دونوں ہی تو آپس میں نہیں ملے ہوئے۔۔؟؟"ماما نے اپنی ایک آنکھ کی ابرو اچکاتے ہوئے۔۔انتہائی زہریلا طنز کیا۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ میرے ساتھ جو کچھ بھی کرتی ہے۔۔اور میں اسے کے لیے جو کچھ بھی کرتا" رہوں۔۔یہ میرا اور اس کا مسئلہ ہے۔۔آپ کو ہمارے پرسنل معاملات میں مداخلت کا کوئی حق نہیں۔

اور دوسرا یہ کہ میں اپنے ماما، بابا کو یہاں ہی بلا لیتا ہوں۔۔میں نے کچھ ضروری باتیں کرنی ہیں۔۔اصل" میں کچھ باتیں کلئیر کرنی ہیں۔۔جن کا جاننا سب کے لیے بہت ضروری ہے۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں انہیں بلا کر لاتا ہوں۔۔تب تک آپ نایاب کو کچھ بھی نہیں کریں گی۔۔"روحان سختی سے تنبیہ کرتا" ہوا واپس دروازے کی طرف بڑھا۔

مام انتہائی طیش کے عالم میں۔۔نایاب کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہی تھیں۔

نایاب اب بہت گھبرا رہی تھی۔۔اور دل میں بار بار "حسبی اللہؐ، حسبی اللہؐ" (میرے لیے اللہؐ کافی ہے) پکار رہی تھی۔

پتہ نہیں کہاں سے یہ لفظ اس کے ذہن میں آ گیا۔۔اور وہ بار بار اپنی بے ربط سانسوں۔۔تیزی سے دھڑکتے دل۔۔کو انہی الفاظ سے سہارا دے رہی تھی۔

اس نے اپنی پوری زندگی میں کبھی یہ لفظ۔۔اپنی زبان سے ادا نہیں کیے۔۔شاید اس نے یہ الفاظ کہیں سنے تھے۔۔

پھر بھی اس لمحے۔۔اس کی لاشعوری قوتیں۔۔اسے بار بار اسے انہی الفاظ کو پکارنے پر مجبور کر رہی تھیں۔۔

اور جب انسان یہ یقین کر لیتا ہے کہ اس کے لیے اللہؐ کافی ہے۔۔تو نہ ہی کسی کا کوئی خوف رہتا ہے اور نہ ہی اسے کسی اور سہارے کی ضرورت باقی رہتی ہے۔

تھوڑی دیر میں روحان اپنی ماما کے ساتھ دوبارہ وہاں موجود تھا۔۔

اس کے بابا بھی روحان کے بابا بھی ان دو دونوں ماں بیٹے کے آنے کے پانچ منٹ بعد آئے۔۔

ان کا موڈ بھی بہت سنجیدہ اور سخت تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نایاب کی ماما ابھی تک تلملائی ہوئی تھیں۔۔جب کہ اس کے ڈیڈ خاموشی سے سارا تماشا دیکھ رہے نہیں کرتے تھے۔۔سو اس لیے react تھے۔۔ان دراصل عادت تھی کہ وہ مکمل معاملہ جانے بغیر نایاب اب تک ان کے قہر اور غصے سے بچی ہوئی تھی۔

سب کے سب لوگ اب روحان کا منہ تک رہے تھے۔۔

وہ اس کی بات شروع ہونے کا انتظار کر رہے تھے۔

اب بکو بھی۔۔!!جو کہنے کے لیے سب کو اکٹھا کیا ہے۔۔"نایاب کی ماما نے بہت بے ہودہ لہجے میں روحان" کو مخاطب کیا۔۔۔وہ غصے سے بھری بیٹھی تھیں۔

نایاب۔۔!!"روحان نے ایک سخت نگاہ نایاب کی ماما پر ڈالتے ہوئے نایاب کو مخاطب کیا۔"

جی۔۔!!"نایاب نے سہم کر جواب دیا۔"

بتاؤ ان سب کو اس الزام کے متعلق۔۔جو تم نے مجھ پر لگایا تھا۔!!"اس نے تلخی سے اسے آرڈر دیا۔"

نایاب جو یہ سمجھ رہی تھی کہ شاید وہ اس کی ماما کی غلط فہمی کو لے کر کوئی بات کرے گا۔۔اسے دور کرنے کی کوشش کرے گا۔۔یا اپنا اور اس کا نکاح ڈیکلیئر کرے گا۔۔۔

اسے روحان کی بات سن کر دھچکا سا لگا۔۔

یعنی وہ شخص صرف اور صرف اپنے متعلق سوچ رہا تھا۔۔

اس کے لیے صرف اس کی اپنی ذات معنی رکھتی تھی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور وہ اس سے یہ امید لگا کر بیٹھی تھی کہ شاید وہ اس کے حق میں کوئی بات کرے گا۔۔ مگر اس کے لیے اہمیت تھی تو فقط اس کی اپنی ذات کی۔۔ نایاب اچھی خاصی بدگمان ہو گئی تھی۔۔

آج نہیں تو کل۔۔ سب کو سچ پتہ چلنا تھا۔۔ پھر ابھی کیوں نہیں۔۔ غلطی کی ہے تو بھگتنا بھی ہو گا۔۔ """

نایاب کا ضمیر اس کے ذہن پر ایسی سوچیں مسلط کر رہا تھا۔۔

پر اب بھلا وہ کیا کر سکتی تھی۔۔

سو اس نے ہتھیار ڈالتے ہوئے تمام معاملہ سب کے گوش گزار کرنے کا فیصلہ کیا۔

وہ اپنے اندر بہت سی ہمت اور حوصلہ جمع کرتے ہوئے۔۔ اپنا تمام کیا دھرا سب کو بتانے لگی۔۔

اس نے تفصیلاً۔۔ پوری بات بتائی کہ اس کا حماد کے ساتھ دوستی کے علاوہ bf,gf ریلیشن تھا۔۔

پتہ نہیں کیوں پر روحان نے یہ کہہ کر کہ "وہ اچھا لڑکا نہیں ہے"۔۔

مجھے اس سے دور رہنے اور دوستی ختم کرنے کا کہا۔۔

میں نے یہ بات جب حماد کو بتائی تو اس نے مجھے ایموشنل کر کے۔۔

روحان سے اپنے کوئی پرانا بدلہ لینے میں میری ہیلپ مانگی۔۔

اور جب اس دن وہ اس کے مام ڈیڈ کے پاس۔۔

حماد کے ساتھ میرے ریلیشن کو ختم کرنے اور مجھے اس سے دور رکھنے کی بات کرنے آیا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تو میں نے حماد کی دی ہوئی وہ گندی پکچرز۔۔جو دیکھنے میں روحان کی ہی لگ رہی تھیں اور بالکل فیک تھیں،،اس کے کہنے پر وہ آپ سب کو لا کر دکھائیں۔۔ edited تھیں۔۔

اور وہ میرے ساتھ زبردستی کرتے والا الزام بھی جھوٹا تھا۔۔

انہوں نے اس وقت تک میرے ساتھ کچھ ایسا ویسا کرنے کا سوچا بھی نہیں تھا۔

نایاب نے بہت مشکل سے۔۔سسکیاں بھرتے ہوئے اپنی بات مکمل کی۔۔

اور وہ ایک مرتبہ پھر۔۔بہت شرمندگی کا سامنا کر رہی تھی۔۔

اس کی ہمت نہیں ہو رہی تھی کہ وہ کسی سے نظریں ملا پائے۔۔

سب اس پر اپنی اپنی قہر آلود نظریں گاڑھے ہوئے تھے۔۔

اس کی مام ڈیڈ کا سر بھی شرم سے جھکا ہوا تھا۔۔

روحان کے ڈیڈ بھی اپنے بیٹے پر اعتبار نہ کرنے کے جرم میں الگ شرمندہ تھے۔۔

جبکہ نایاب کی پھوپھو یعنی روحان کی ماما۔۔

بپھری ہوئی نایاب کی طرف دوڑیں۔۔اور زور سے اسے گریباں سے کھینچ کر۔۔اپنے سامنے کھڑا کیا۔۔

میرا بیٹا ہی ملا تھا تمہیں الزام لگانے کے لیے۔۔"

بے غیرت لڑکی۔۔!! شرم نہیں آئی تمہیں۔۔اتنا غلیظ الزام لگاتے ہوئے۔۔؟؟ہاں۔۔بولو؟؟"روحان کی ماما بری طرح چلا رہی تھیں۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوئی انہیں چپ کروانے اور روکنے کے لیے آگے نہیں بڑھا سوائے روحان کے۔۔

روحان بھی عجیب تھا۔۔

خود ہی اس پر اٹھنے والے طوفان کی وجہ بنتا تھا اور خود ہی اپنے لائے طوفان کو قابو کرنے کے لیے آگے بڑھتا۔

روحان اپنی ماما کا ہاتھ چھڑانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔ جس سے انہوں نے اب نایاب کا گریبان پکڑا تھا۔۔۔

نایاب کو روحان کے اس دوغلے رویے پر بہت غصہ آیا۔۔

کیا مسئلہ ہے آپ کے ساتھ۔۔ یہ کیوں ڈبل گیم کھیل رہے ہیں۔۔ کیوں روک رہے ہیں پھوپھو کو۔۔!!"

"!!مارنے دیں انہیں مجھے۔۔ آپ یہی سب تو چاہتے ہیں۔۔ پھر کیوں انہیں روک رہے ہیں۔۔

نایاب اپنی پوری قوت سے چیخ رہی تھی۔۔۔۔

ایک دم اس کے اتنے شدید ری ایکشن سے خوفزدہ ہوتے ہوئے۔۔ اس کی پھوپھو اس سے دور ہٹ گئیں۔۔

نایاب ان کی طرف لپکی۔۔ اور ان کے دونوں ہاتھ جکڑ کر اپنے گریبان تک لائی۔۔

ماریں مجھے آپ۔۔ ماریں۔۔ میرا حق بنتا ہے اس ذلت پر۔۔" وہ بہت تڑپے ہوئے انداز میں کہنے لگی۔۔"

نایاب کی مام ایک دفع پھر اس کی طرف لپکیں اور اس کا گلا دبوچ لیا۔۔

"سہی کہہ رہی ہو تم۔۔ تمہارے جیسی اولاد کو تو بندہ زندہ دفن کر دے۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روحان کو اب معاملے کی سنگینی کا احساس ہو رہا تھا۔

اسے اس دفع۔۔اس کی مام سے اسے چھڑانے میں بہت مشکل ہوئی۔۔کیونکہ انہوں نے سختی سے اس کا گلا دبوچا ہوا تھا۔

روحان نے ایک جھٹکے سے اپنی ساس صاحبہ کو اپنی بیوی سے دور کیا۔

اور اسے اپنے سینے سے لگایا۔۔

"""خبردار جو اسے اب کسی نے ہاتھ لگایا۔۔میری بیوی ہے یہ۔۔میں اس کو اس کے کیے کی سزا۔۔اس کے جرم سے بڑھ کر دے چکا ہوں۔۔اور اب اس کے ساتھ کوئی زیادتی برداشت نہیں کروں گا۔"""روحان کو آخر اس پر ترس آ ہی گیا تھا۔۔

اس لیے اس نے سب کو سچ بتا دیا۔۔۔

شاید وہ تک چکا تھا اس لڑکی کو تکلیف دیتے دیتے۔۔

جس میں اس کی سانسیں بستی تھیں۔۔

وہاں سب کے سروں پر ایک اور بم پھوٹا۔۔۔

"بیوی؟؟؟"

یہ کب سے تمہاری بیوی ہو گئی۔۔؟؟"روحان کی ماما کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں یہ میری بیوی ہے۔۔میرے نکاح میں ہے۔۔"

!!اور سب یہ سن لیں۔۔

کہ یہ نکاح میں نے زبردستی۔۔کیا ہے۔۔

اس میں نایاب کی کوئی مرضی نہیں تھی۔۔

اب جس کو کوئی بات کرنی ہو وہ مجھ سے کرے۔۔نایاب کو تنگ کرنے کی کوئی ضرورت نہیں آپ سب کو۔۔!!"روحان نے سختی سے سب کو خبردار کیا۔

اگر آپ سب کو میری بات ہضم ہو جائے تو مجھے بتا دیجیے گا۔۔ میں پورے استحقاق کے ساتھ "

"!!اسے رخصت کر کے لے جاؤں گا۔۔ اور تب تک یہ یہیں رہے گی۔۔

اس نے ایک اور فرمان جاری کیا۔

نایاب اب روحان کے بالکل ساتھ۔۔زمین پر اپنی نظریں گاڑھے۔۔کھڑی۔۔اب تک مسلسل اپنے ہونٹ کاٹتے آنسو روکنے کی ناکام کوششیں کرتی روئے جا رہی تھی۔۔

وہ بالکل۔۔۔روحان سے اپنے لیے کسی بھی قسم کی سپورٹ کی امید کھو چکی تھی۔۔اب اسے اس کے الفاظ سے بہت سہارا ملا تھا۔۔

یہ تم لوگوں نے آپس میں کیا کھچڑی بنائی ہے۔۔؟؟"

اگر دونوں نے شادی ہی کرنی تھی تو بتا دیتے۔۔ہم لوگوں نے کیا منع کرنا تھا۔۔؟؟"نایاب کے ڈیڈ تذبذب کا شکار تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماموں کوئی ڈراما نہیں ہے یہ۔۔"

بلکہ حقیقت ہے یہ۔۔۔

دراصل ہمارے ساتھ جو کچھ ہوا۔۔یہ تو ہمارا نصیب تھا۔۔

میں چاہتا تو یہ سب آپ لوگوں کو بتائے بغیر ایک نارمل زندگی شروع کر دیتا۔۔مجھے اب نایاب سے کوئی گلا بھی نہیں۔۔

لیکن میں بس آپ لوگوں کے اعتبار کا لیول جاننا چاہتا تھا۔۔

ایک میرے بابا اور آپی ہیں کہ انہوں نے کسی تیسرے کی باتوں میں آکر مجھ پر یقین نہیں کیا اور دوسری آنٹی !! جنہیں اپنی بیٹی کے کردار پر شک ہے۔۔

کیسے والدین ہیں آپ لوگ۔۔!اپنی تربیت پر بھروسہ نہیں۔۔

!!بھروسہ ہو گا بھی کیسے۔۔

!!آپ لوگوں نے ہماری تربیت کی ہوتی تو بھروسہ ہوتا۔۔

جب آپ لوگوں کا کام تھا کہ ہمیں اچھے برے کی تمیز سکھائیں۔۔۔تب ہر وقت کی سوشل گیدرنگز میں آپ لوگوں نے اپنے بچوں کی تربیت کو اگنور کیا۔۔اور آج۔۔ہم پر ہی بے حیائی۔۔اور بدکرداری کے الزام لگا رہے ہیں۔۔!!"روحان نے بڑی ڈھٹائی سے۔۔سب بڑوں کو آئینہ دکھایا۔۔اور ان کی کوتاہیوں کی ان پر خوب نشاندھی کی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور بہت بہت شکر ہے اللہ کا کہ آپ لوگوں نے ہماری تربیت خود نہیں کی۔۔ورنہ ہم سچ مچ میں وہی ہوتے "۔۔جس کا آپ لوگ ہمیں مجرم ٹھہرا رہے ہیں۔۔"

روحان نے ایک اور تلخ حقیقت وہاں بیٹھے سبھی نفوس کی سماعتوں کی نظر کی۔

اس کے اس قدر گستاخ رویے پر سب مشتعل ہو گئے۔۔

روحان کے ڈیڈ نے تو اٹھ کر ایک بعد ایک کر کر کے پانچ تھپڑ اسے رسید کیے۔۔

ذلیل انسان۔۔اپنے ماں باپ کے متعلق ہی اتنی گھٹیا باتیں کر رہے ہو۔۔؟؟ ساری زندگی ہماری دولت " کے بل بوتے پر عیش کر کر کے اب ہماری تربیت پر انگلی اٹھا رہے ہو۔۔دفع ہو جاؤ کہیں تمہیں میرے گھر میں داخل ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔۔اور نہ ہی اس بے غیرت لڑکی کی میرے گھر میں کوئی جگہ ہے۔۔"روحان کے بابا کا بلڈ پریشر بھی ہائی ہو گیا تھا۔۔

ہاں تو مجھے بھی آپ کی دولت کی کوئی ہوس نہیں۔۔آج سے میری ذمہ داری ختم۔۔آپ کے شاپنگ مال " کو سنبھالنے کی۔۔۔رکھیں اپنی حرام سود سے کمائی ہوئی دولت اپنے پاس۔۔اور نہ ہی میں اتنا گیا گزرا ہوں کے حرام کے لالچ میں آ جاؤں گا"روحان نے بھی بدتمیزی کے سارے ریکارڈ توڑ دیے۔۔وہ بھی اپنا ایک ہاتھ اپنے گال پر رکھ کر اسے سہلاتے ہوئے غصے سے پھنکار رہا تھا۔

اصل میں روحان کی نیچر اس کے پیرنٹس سے بالکل مختلف تھی۔۔وہ پہلے ہی کافی دنوں سے اپنے بابا کو، اکیلے میں اس حرام دولت سے دستبردار ہونے کا بولا تھا۔ جس پر اس کے بابا اس سے خائف تھے۔۔اور اسلیے ہی نایاب کے لگائے الزام کو اچھال کر۔۔۔بڑھا چڑھا کر۔۔الٹا اسی سے ناراض ہو کر بیٹھے تھے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روحان کو اپنے بابا کی یہ حرکت کافی ڈسٹرب کر رہی تھی۔۔اور یہ بات اب روحان کو سمجھ آئی تھی کہ اس نے دراصل اپنے بابا کا غصہ نایاب پر اتارا تھا۔۔

وہ اپنی اصل بے چینی اب جان گیا تھا۔۔

اور اس کا دل اچھا خاصہ ٹھنڈا ہو گیا تھا۔۔

بیٹا تم یہ اپنے بابا سے کیسے بات کر رہے ہو؟؟ کون پڑھا رہا ہے تمہیں یہ پٹیاں..؟؟"روحان کی ماما اپنے ماتھے پر بل چڑھائے سخت لہجے میں اسے ڈانٹ رہی تھیں۔

!!ماما میں بچہ نہیں ہوں جو مجھے حلال حرام کا فرق نہیں پتہ ہو گا۔۔"

پتہ تو آپ سب کو ہے۔۔

پر سب نے الو کی طرح اپنی آنکھیں بند کی ہوئی ہیں۔۔آپ۔۔بابا۔۔ماموں اور آنٹی سب ایک جیسے ہیں۔۔

سب نے اپنی اولاد کی پرورش حرام مال سے کی۔۔

دیکھا ہے آپ نے دانیال کو۔۔

وہ بچارا کس قدر بھٹک گیا ہے۔۔

آپی اور سیما باجی کونسا پارسا ہیں۔۔

دونوں کی شادیاں ہو گئیں پر ابھی تک غیر مردوں سے تعریفیں سننے کے لیے ترستی ہیں۔۔

اور آپی کو دیکھیں۔۔مجھ سے ناراض ہو کر دکھا رہی ہیں۔۔

!!ماما ہم سب یہاں ایک سے ہیں۔۔کوئی کسی سے کم نہیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب برابر کے قصوروار ہیں۔۔

کوئی دوسرے کو گھٹیا اور کم تر کہنے کا حق نہیں رکھتا۔۔

دیکھیں جو سب کچھ میں نے کہا وہ بلاشبہ غلط نہیں تھا لیکن میں اپنے تلخ لہجے اور بدتمیزی کے لیے معافی چاہتا ہوں۔"اس نے اپنی بات کو سمیٹنا چاہا۔

خوب کہی تم نے بیٹا۔۔ہمیں اس قدر بے عزت کر کے۔۔"

اچھی طرح ذلیل کر کے اب معذرت کر رہے ہو۔"نایاب کے ڈیڈ بھی ایک کڑوی نظر روحان پر ڈال کر بولے۔

ماحول میں تناؤ بہت بڑھ چکا تھا۔

نایاب کے لیے اپنی ناساز طبیعت کی وجہ سے وہاں مزید کھڑا رہنا مشکل ہو رہا تھا۔

روحان نے اس کی مشکل بھانپتے ہوئے اسے اپنے روم میں جا کر آرام کرنے کو بولا۔

وہ بے چاروں کی طرح چپ چاپ حکم کی تعمیل کرتے ہوئے اپنے روم کی طرف بڑھنے لگی تھی کہ مام کی آواز نے اس کے قدم روکے۔

یہ تمہاری بیوی ہے نا۔۔اس منحوس کو اپنے ساتھ ہی لے جاؤ۔۔کوئی ضرورت نہیں ہے اسے یہاں رہنے کی۔۔"

یہ اس کا میکہ ہے۔۔اور جب تک میں اسے نہیں لے کر جاتا۔۔تب تک یہ یہیں رہے گی۔۔!!"روحان نے ضد سے کہا۔۔اور خود ہی ہاتھ پکڑ کر اسے اس کے روم تک لے گیا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ اسے روم میں چھوڑ کر لاؤنج تک آیا تو اس کے ماما بابا وہاں موجود نہیں تھے۔۔ لیکن نایاب کے پیرنٹس ابھی تک منہ بنائے اور اپنا سر پکڑے وہیں براجمان تھے۔۔۔ روحان کو وہاں سے گزرتا دیکھ کر ایک قہر زدہ نظر اس پر ڈالی۔۔

نایاب کے ڈیڈ تو اب وہاں سے اٹھ کر روم میں آ چکے تھے اور فریش ہونے کے بعد بیڈ پر اپنے نائٹ سوٹ میں ملبوس۔۔ لیٹے ہوئے روحان کے کہے لفظوں پر غور کر رہے تھے۔۔ نیند تو شاید آج رات انہیں آنی نہیں تھی۔

نیند تو بلکہ نہ روحان کے ماما بابا کو آنی تھی اور نہ ہی نایاب کی مام کو آ رہی تھی۔

اس لیے تو تھوڑی دیر بعد جب روحان دوبارا نایاب کے گھر اپنا حلیہ تبدیل کیے،، مطلب لوز سا ٹراؤزر اور ہاف سلیوز والی ٹی شرٹ پہنے آیا تو اس کی ساسوماں ابھی بھی وہاں براجمان تھیں اور نجانے کیا سوچ رہی تھیں۔۔

اس کو واپس آتا دیکھ کر ان کے ماتھے پر شدید بل آ گئے۔۔

"یہ تم دوبارا یہاں کیا کرنے آئے ہوں۔۔!!" انہوں نے روحان کو اچھی طرح اپنی نظروں سے scan کرتے ہوئے پوچھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آنٹی۔۔!!آپ اپنے چہیتے داماد کی خاطر مدارت کرنے کی بجائے،اس کے،اپنے سسرال آنے پر ہی سوال کر رہی ہیں۔۔ویری بیڈ۔۔!!"روحان نے بالکل بچہ بنتے ہوئے۔۔ہلکے پھلکے لہجے سے کہااور انہیں مزید جلایا۔

تھوڑی دیر پہلے ہونے والے تماشے کے آثار اس کے لہجے میں کہیں نہ تھے۔۔

تمہاری خاطر مدارت۔۔!!میرا دل چاہ رہا ہے کہ۔۔میں اپنا جوتا اتار کر تمہیں خوب پیٹوں۔۔!!دفع ہو جاؤ میرے گھر میں سے۔۔"نایاب کی ماما غرائیں۔۔

روحان کو اب ان کے غصے پر ہنسی آرہی تھی۔

دیکھیں۔۔میں نے کہا نا کہ یہ میرا سسرال ہے۔۔!!میں تو نہیں دفع ہونے والا یہاں سے کیوں کے میری بیوی یہاں پر ہے۔۔۔اور اگر آپ کا مجھے مارنے کا دل کر رہا ہے۔۔تو۔۔موسٹ ویلکم۔۔اب تو میں آپ کا بیٹا ہوں۔۔مار سکتیں ہیں آپ۔۔"روحان نے بھرپور سعادت مندی کا مظاہرہ کیا۔۔

اس کی ٹون تو بالکل ہی بدل گئی تھی۔۔

نایاب کی ماما اسے حیران ہو کر دیکھ رہی تھیں۔۔

آنٹی۔۔۔"اس نے بہت پیار سے انہیں مخاطب کیا۔"

اب کیا مسئلہ ہے۔۔؟"انہوں نے بہت خفگی پلس بیزاری سے کہا۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ میں کہہ رہا تھا کہ ائم سوری۔۔ میرے ہر اس رویے اور بات کے لیے جس سے میں نے آپ کو ہرٹ" کیا۔۔ آپ انکل سے بھی میری طرف سے معذرت کر لیجئے گا۔۔ بلکہ آج سے آپ دونوں میرے بھی مام ڈیڈ ہیں۔۔۔ دیکھیں آنٹی۔۔ میں بھی انسان ہوں۔۔۔ اب کچھ خامیاں اور خرابیاں تو مجھ میں ہوں گی نا۔۔ بس آپ اپنا بیٹا سمجھ کر مجھے معاف کر دیں۔۔ میرا مقصد آپ سب کا دل دکھانا نہیں تھا۔۔ وہ سب مجھ سے بلاارادہ ہو گیا۔۔ میں صرف اتنا چاہتا تھا۔۔ کہ ہمارے پاس ہمیشہ سے اللہ کا دیا بہت کچھ ہے۔۔۔ انسان کی مختصر سی زندگی ہے۔۔ کیوں نہ ہم لوگ حرام ذریعہ معاش کو چھوڑ کر صرف حلال کا کھائیں۔۔ یہ بات میں ماما بابا کو بھی سمجھا کر آیا ہوں۔۔ وہ ابھی تو ناراض ہیں مجھ سے۔۔ لیکن مجھے یقین ہے وہ مان جائیں گے۔۔ جیسے آپ مان گئی ہیں۔۔ "اس نے بہت احترام سے ان کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر۔۔ ان کے پر اپنی رائے سے متفق ہونے کے تاثرات پڑھ کر مسکراتے ہوئے شرارت سے کہا۔۔

اور انہیں وہیں چھوڑ کر نایاب کے روم کی طرف بڑھ گیا۔

اس کی حرکت پر نایاب کی مام کے چہرے پر بھی مسکراہٹ۔۔۔ چھا گئی۔۔ اور وہ بھی سر جھٹکتے اپنے روم کی طرف چلی گئیں۔۔

یقیناً اب ان سب کے طرز زندگی نے بدلنا تھا۔۔۔

وقت نے ان سب کو موقع دیا تھا بدلنے کا۔۔

××××××

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool | By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ نایاب کے روم میں آیا تو وہ اب کالے رنگ کی قمیض پہنے۔۔اپنا اسٹولر عجیب و غریب انداز میں لپیٹے۔۔ غالباً اس نے نماز پڑھنے کے لئے وہ اوڑھا تھا اور اسے صحیح سے لینا نہیں آیا تھا۔۔اپنی قمیض کے بازو اوپر تک گیلے کیے۔۔۔اپنے پلازو کو بھی آدھے فٹ تک بھگوئے۔۔نماز کی تیاری میں لگی ہوئی تھی۔

وہ اپنی الماری سے کوئی بیڈ شیٹ نکال کر۔۔اسے ان فولڈ کر کے اور پھر جائے نماز جتنے سائز میں ری فولڈ کر کے زمین پر بچھا رہی تھی۔۔

کیونکہ جائے نماز تو ان کے گھر میں تھا ہی نہیں۔

روحان جب روم میں آیا تو اس نے اسکا حلیہ وہی بیڈ شیٹ زمین پر بچھاتے وقت نوٹ کیا۔

اسے نایاب کو ایسے دیکھ کر بری طرح ہنسی آئی۔۔

اس کی ہنسی کی آواز سن کر ہی نایاب نے دروازے کی طرف دیکھا اور وہ بری طرح اچھلی۔۔

"آپ یہاں کیا کر رہے ہیں۔۔؟؟"

میں بس دیکھنے آیا تھا کہ میری بیگم محترمہ کی طبیعت کیسی ہے۔۔!!"اس نے اپنی ہنسی دباتے ہوئے کہا۔"

اوہ۔۔اچھا۔۔کچھ زیادہ ہی خیال نہیں آرہا آپ کو میرا۔۔؟؟"نایاب نے طنز کیا۔"

اب تمہارا خیال نہ کروں تو بھلا کس کا کروں۔۔"اس نے شرارت سے کہا۔۔"

اپنے پیرنٹس کا کریں۔۔جن کے ساتھ آپ نے اتنی بدتمیزی کی ہے۔۔"اسے روحان کا ان سے بدتمیزی" کرنا بالکل پسند نہیں آیا تھا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں۔۔یہ بات تو درست کہی تم نے۔۔مجھ سے غلطی ہوئی ہے۔۔لیکن کوئی نہیں اب ان کا خیال کرنے کے لئے۔۔ان کی بہو آچکی ہے۔۔سو میری جگہ وہ یہ سب کرلے گی۔۔"اس نے نایاب کے قریب آکر کہا۔

ویسے تم یہ کیا کرنے لگی تھیں؟؟"اس نے نایاب کا اسٹولر کھول کر سیٹ کرتے ہوئے کہا۔"

"نماز پڑھنے لگی تھی۔"

"تمہیں آتی ہے نماز پڑھنا۔۔؟؟"

مجھے طریقہ یاد ہے لیکن نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں نہیں۔۔آج تو بس مجھے جو یاد ہے وہ پڑھوں گی۔۔" لیکن میں آئندہ اس کو سیکھ کر صحیح سے پڑھا کروں گی۔۔"وہ بہت معصومیت سے بتا رہی تھی۔

"اچھا یہ بتاؤ حماد کا کیا کرنا ہے۔۔"

روحان نے سنجیدگی سے پوچھا۔

نایاب نے اس کا ایک ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر۔۔اپنا سر جھکا کر اس قصے کو بھولنے کی درخواست کی۔

روحان۔۔!!میں نہیں چاہتی کہ اب مزید اس طرح کے جھگڑوں میں پڑوں۔۔۔میں انتقام بھی نہیں لینا" چاہتی۔۔میں اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ چکی ہوں۔۔اپ بھی اب یہ سب بھول جائیں۔۔مجھے اب پتہ چلا ہے کہ گناہوں کا بوجھ کتنا بھاری اور تکلیف دہ ہوتا ہے۔۔میں اپنے اوپر کی گئی ہر زیادتی۔۔ہر کسی کو معاف کرتی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Mjhe Tera Her Zulm Qubool| By Suhaira Awais (Complete Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوں۔۔تاکہ مجھے بھی میرے گناہوں کی معافی مل سکے۔۔آگے آپ کی مرضی۔۔"نایاب نے بہت گہرے لہجے میں کہا۔

روحان نے بہت پیار سے اس بدلی ہوئی نایاب کو دیکھا۔۔

وہ واقعی نایاب تھی۔۔بہت نایاب۔۔بالکل اپنے نام کی طرح۔۔

اچھا چلو۔۔اب بہت رات ہوگئی ہے۔۔میں چلتا ہوں۔۔۔تم اپنی نماز پڑھو۔۔!!اور سنو۔۔!!میں جلد ہی ماما بابا کو منالوں گا۔۔پھر ان شااللہ تمہیں بینڈ باجوں کے ساتھ اپنی دلہن بنا کر لے کے جاؤں گا۔۔"

روحان نے نایاب کو چھیڑتے ہوئے کہا۔۔

اور اللہ حافظ کہتا روم سے چلا گیا۔

نایاب نماز پڑھ کر۔۔بڑی مگن ہو کر۔۔اپنے ہاتھ دعا کے لیے اٹھائے۔۔آنکھیں بند کر کے اپنی زندگی کے آسان ہونے۔۔اور اس سے منسلک ہر شخص کی بھلائی اور عافیت کی دعائیں مانگ رہی تھی۔۔اور ساتھ ہی اللہ کا بہت شکر بھی ادا کر رہی تھی۔۔کہ اسے وہ سب مل گیا تھا۔۔جس کی اسے ضرورت تھی۔۔اسے راہنمائی۔۔ہدایت۔۔روحان جیسے سچے انسان کا ساتھ۔۔اور دنیا کی ہر خوشی ملنے والی تھی۔

اسے خود کو اللہ سے جوڑنے کا راستہ مل گیا تھا۔

وہ بہت خوش نصیب تھی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھوڑی سی مشکل کے عوض اس نے بہت کچھ پالیا تھا۔

The end 💯

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel